سوال

(356)ڈاڑھی منڈانے یاکترانے والے امام کے پیچھے نماز ہوجاتی ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ڈاڑھی منڈانے یاکترانے والے امام کے پیچھے نماز ہوجاتی ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگر اتفاقی طور پر ایسا امام کہیں نماز پڑھا رہا ہو یا عارضی طور پر امام بنا دیا گیا ہو تو اقتداء کر لینی چاہیے تاکہ ملت میں انتشار پیدا نہ ہو۔ ہاں مستقل طور پر سنت کے خلاف چلنے والے کو امام نہ بنانا چاہیے اور نہ ہمیشہ کے لیے اس کی اقتدا کرنی چاہیے۔ (قوانین فطرت جلد نمبر، شمارہ نمبر ۸)

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 253

محدث فتویٰ